# گورنمنٹ کوئین میری گریجویٹ کالج لاہور

## ٹینڈر نوٹس: برائے ٹھیکہ کالج سیکشن کینٹین سکول اینڈ ہاسٹل سیکشن کینٹین، ایم اے سیکشن کینٹین اور کالج سیکشن فوٹو کاپی وسٹیشنری شاپ

سکول اینڈ ہاسٹل سیکشن کینٹین، ایم اے سیکشن کینٹین، کالج سیکشن کینٹین اور کالج سیکشن فوٹو کاپی وسٹیشنری شاپ کے لیے ٹینڈر مورخہ 29-01-2026 صبح 10:00 بجے تک بذریعہ ڈاک رجسٹرڈ اک یا کوریئر سروس/بدستی وصول کیے جائیں گے۔ ٹیکنیکل بڈ فارم نمبر 01 اصل حالت میں مکمل کر کے لفافے میں سیل کر کے دیا جائے گا۔

(1) سکول اینڈ ہاسٹل سیکشن کینٹین، ایم اے سیکشن کینٹین، کالج سیکشن کینٹین اور کالج سیکشن فوٹو کاپی وسٹیشنری شاپ کی ٹھیکہ مدت برائے ایک سال مورخہ 01 مارچ 2026 تا 28 فروری 2027 تک ہوگی۔

(2) فنانشل بڈ سکول اینڈ ہاسٹل سیکشن کینٹین، ایم اے سیکشن کینٹین، کالج سیکشن کینٹین اور کالج فوٹو کاپی وسٹیشنری شاپ کے لئے کل سالانہ تخمینہ ٹھیکے کا 5% بطور زرضمانت بذریعہ C.D.R ("قابل واپسی") بنام پرنسپل گورنمنٹ کوئین میری گریجوایٹ کالج لاہور منسلک کرنا ہوگی۔ جو کارروائی مکمل ہونے پر واپس کر دی جائے گی۔ C.D.R. نہ ہونے کی صورت میں Disqualify کر دیا جائے گا۔

(3) ٹینڈر دہندہ اپنے نام اکاؤنٹ سے ہی C.D.R. بنوائیں گے۔ کسی گروپ یا کسی دوسرے فرد کے نام/اکاؤنٹ کی C.D.R. قابل قبول نہ ہوگی۔

(4) 29-01-2026 صبح 10:30 بجے ٹیکنیکل بڈ کھولی جائے گی۔

(5) 31-01-2026 صبح 10:30 بجے ٹیکنیکل بڈ کے رزلٹ کا اعلان کیا جائے گا۔ اور ٹیکنیکل بڈ میں Qualify کرنے والے ٹینڈر دہندگان کے درمیان بولی ہوگی۔

(6) کالج/سکول/ایم اے کینٹین کا ٹھیکہ صرف خواتین ٹینڈر دہندگان کو ہی دیا جائے گا۔ البتہ کالج فوٹو کاپی شاپ کے لیے مرد و خواتین ٹینڈر دہندگان دونوں اہل ہوں گے۔

(7) ٹینڈر دہندہ کا کینٹین کے لیے کسی تعلیمی ادارے میں کینٹین کا قابل اطمینان تجربہ / میٹرک تک تعلیمی قابلیت کو ترجیح دی جائے گی۔ فوٹو کاپی شاپ کے لیے ٹینڈر دہندہ کا کسی تعلیمی ادارے یا فوٹو کاپی شاپ کا سرکاری/غیر سرکاری تجربہ ہو۔

(8) ٹینڈر دہندہ لاہور کا/کی رہائشی ہو۔ فارم کیساتھ مہیا کردہ بیان حلفی کو 100 روپے مالیت کے اسٹامپ پیپر پر بطور بیان حلفی لکھ کر فارم کے ساتھ جمع کرائیں۔ (لازمی الفاظ)۔

(9) ٹنڈر دہندہ کا اپنے چال چلن اور اچھے اوصاف کا/کی حامل ہونے کا سرٹیفکیٹ سال 2026 کا متعلقہ تھانہ سے حاصل کر کے یا آن لائین پولیس خدمت سینٹر سے حاصل کر کے لف کریں۔

(10) ٹنڈر دہندہ کا اپنا ٹیکس نمبر (N.T.N) ہونا ضروری ہے جو کہ سال 2026 میں بھی Active ہو اور F.B.R. کی فوٹو کاپی منسلک کریں۔

(11) ٹھیکہ حاصل کرنے والا/والی ٹھیکیدار سالانہ کرایہ کا ماہانہ اوسط کرایہ ہر ماہ کی 07 تاریخ تک ادا کرنے کا پابند ہوگا/ہوگی۔ کامیاب ٹھیکیدار کو تین ماہ کا کرایہ بطور سیکورٹی پیشگی C.D.R کی صورت میں جمع کروانا ہوگا نیز ایڈوانس ٹیکس/کسی بھی قسم کا ٹیکس رائج وقت تبدیل شدہ حکومتی شرح ٹیکسز کے مطابق پورے سال کا کینٹین/فوٹو کاپی شاپ شروع کرنے سے پہلے جمع کروانا ہوگا۔

(12) سابقہ ٹھیکیداران کالج جنہوں نے مدت ٹھیکہ ختم ہونے کے بعد قبضہ واپس کالج انتظامیہ کو نہ کیا ہو موجودہ ٹینڈر میں حصہ لینے کے اہل نہ ہونگے۔

(13) مقررہ تاریخ اور وقت کے بعد موصول ہونے والا کوئی بھی ٹینڈر قابل قبول نہ ہوگا۔ فارم پر کرنے سے پہلے شرائط و قواعد و ضوابط کو بغور پڑھ لیا جائے۔

(14) زیر دستخطی تمام ٹینڈروں کو کسی بھی وقت منسوخ کرنے کی مجاز ہیں۔

(15) فارم شرائط و قواعد و ضوابط کالج دفتر سے صبح 10:00 بجے سے دوپہر 03:00 بجے تک بعوض -/4000 روپے (ناقابل واپسی) حاصل کیے جا سکتے ہیں۔

نوٹ:۔ یہ اشتہار کالج کی ویب سائٹ www.qmc.edu.pk پر بھی دیکھا جا سکتا ہے۔

پرنسپل
گورنمنٹ کوئین میری گریجویٹ کالج لاہور

Principal
Govt. Queen Mary Graduate
College, Lahore.